قرآنِ پاک

کے

نقوش و اثرات انسانی تاریخ پر

مقالہ

از جناب اے۔ کے بروہی

شامِ ہمدرد

جمعہ۔ ۲۶ رمضان المبارک، ۱۳۸۷ ہجری

۲۹ دسمبر ۱۹۶۷ شمسی

کراچی

قرآن پاک کے نقوش و اثرات انسانی تاریخ پر

قرآنِ پاک کا دعوا ہے کہ وہ ایک "کتاب ہدایت" یعنی انسان کے لیے راہنما کتاب ہے۔ یہ ساری انسانیت کے لیے ایک کھلی ہوئی کتاب ہے۔ حقیقت میں اس کتاب کا تخاطب دنیا کے تمام انسانوں سے ہے۔ اس کا پیغام دنیا کے مختلف خطوں میں رہنے والی مختلف قوموں کے لیے ہے۔ اس کے علاوہ اس کا پیغام موجودہ اور آئندہ کے ہر زمانے کے لیے قابلِ عمل ہے۔ بالفاظ دیگر یہ وہ کتاب ہے، جو کبھی منسوخ نہیں ہوگی۔ یہ دعوا کم از کم اصولی حد تک تو ایسا ہونا چاہیے کہ تاریخی شواہد پر منطبق کرنے سے اس کی صداقت واضح ہوجائے۔ اگر قرآنِ پاک اِس معنی میں ایک عالمی ہدایت کی کتاب ہے کہ اس کا پیغام ہر زمانے اور ہر ملک کی تمام قوموں کے لیے ہے، تب تو چودہ سو برس کی اس لمبی تاریخ پر اس کا گہرا نقش ضرور پڑنا چاہیے، خصوصاً ان لوگوں کے لیے جو اس پر ایمان رکھتے ہیں، اس کا اثر حرّیت نواز اور انقلاب انگیز ہونا چاہیے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ قرآنِ پاک کے اس دعوے کی تائید میں تاریخی شہادت موجود ہے، جس کا خاکہ میں اس وقت پیش کرنا چاہتا ہوں۔

لیکن تاریخی شہادت پیش کرنے سے پہلے یہ بتادینا ضروری ہے کہ اس سے بلند و بالاتر بھی ایک چیز ہے، جو قابلِ توجہ ہے، وہ یہ کہ خود اس آسمانی کتاب کے اندر متعدد بیانات ایسے موجود ہیں، جن سے ایک معقولیت پسند صاحبِ فکر اس کے دعوے کی سچائی کو پرکھ سکتا ہے ——— یعنی یہ کہ یہ کتاب ایک عالمگیر اہمیت کا پیغام پیش کرتی ہے، لیکن یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یہ داخلی اور ذاتی شہادتیں اسلام کے مذہبی عقائد اور فرائض کے دائرے کی حد تک ہی کارآمد ہیں۔ بالفاظِ دیگر یہ انھیں لوگوں کے لیے قابلِ قبول ہیں جو الہامی کلام پر اعتقاد رکھتے ہیں اور یہ مانتے ہیں کہ یہ کتاب پیغمبرِ اسلام پر الہامی طور پر نازل کی گئی ہے اور آج تک اپنی اصلی حالت میں محفوظ رہی ہے اور اس میں کسی قسم کا ذرّہ برابر ردّ و بدل نہیں کیا گیا ہے۔ تاریخ کی خارجی شہادت، جس کا خاکہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں یعنی انسانی تاریخ پر قرآنِ پاک کے اثرات ——— ایک ایسی شہادت ہے، جو امرِ فیصل طلب ہے اور اگر میری گزارشات پر توجہ فرمائی گئی تو یقین ہے کہ وہ لوگ بھی جو اِسلام کے ماننے والے نہیں ہیں، لیکن معقول دلائل کی صداقت کو کھلے دل سے تسلیم کرنے کے لیے تیار ہیں، وہ بھی غیر جانب داری کے ساتھ اس انقلاب کو محسوس کرلیں گے، جو اِس کتاب کے پیغام سے انسانی تاریخ میں رُونما ہوچکا ہے۔

میں یہ عرض کروں گا کہ اس نقطہ نظر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کا سارا تاریخی دور قرآن کے اس دعوے کی توضیح و تفسیر نظر آئے گا کہ یہ کتاب پوری نوعِ انسانی کے لیے ایک رہنما کتاب ہے اور اس کی تعلیمات آنے والے ہر زمانے کے لیے کارآمد ہے۔ بہر حال قرآنِ پاک کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ مشرق کا بھی خدا ہے اور مغرب کا بھی۔ اس نے جو حقائق نازل کیے وہ دنیا کے تمام لوگوں کی خواہ وہ مشرق کے ہوں یا مغرب کے، فکری زندگی کا تانا بانا بن گئے۔ قرآنِ پاک ہمیں یقین دلاتا ہے کہ جب "حق" ظاہر ہوجاتا ہے تو "باطل" غائب ہوجاتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ باطل کی فطرت ہی ایسی ہے کہ "حق" کے مقابلے میں غائب ہوجائے۔

(۱)

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت اور اس کی وجہ سے اسلام کا طلوع اس زمانے کے زندہ تمدنوں کے جغرافیائی وسط میں ہوا۔ یونانی رومی تمدن مغرب میں، مصری، بابلی، فینیقی، ایرانی تمدن مشرقِ وسطیٰ میں اور ہندی اور چینی تمدن مشرقِ بعید میں موجود تھا۔ عرب کی سرزمین میں اسلام کا طلوع تاریخ کے ایک وسیع منظر میں ایسی مماثلت رکھتا ہے جیسے کہ ایک سخت تاریک دنیا کے بیچوں بیچ ایک تیز روشنی والا چراغ رکھ دیا جائے۔ اس طرح یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ قرآن میں پیغمبرِ اسلام کو ایک "روشن چراغ" کہا گیا ہے۔ اور چراغ ہی کے تصور سے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انسانوں کے لیے ایک رحمت یعنی رحمۃ للعالمین کے لقب سے نوازا گیا ہے۔ آنحضرتؐ نے نوعِ انسانی کے لیے جو کچھ کیا ہے اس کا شکر یہ نوعِ انسانی پوری طرح ادا نہیں کر سکتی۔

اللہ تعالیٰ کا انسان پر سب سے بڑا فضل یہ ہے کہ اس کو قرآن پڑھایا گیا اور یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ کے "رحیم" ہونے کے دعوے پر اس کے علاوہ اور کسی ثبوت کی ضرورت نہیں کہ اس نے انسان کو قرآن کی تعلیم دی (ملاحظہ ہو سورۃ ۵۵ آیت ۱، ۲)۔ اس نقطۂ نظر سے پوری کتاب ایک ہدایت نامہ ہے، جو انسان کو اللہ کا نائب "خلیفۃ اللہ" ہونے کی حیثیت سے جاری کیا گیا ہے، تاکہ انسان یہاں اپنے اعمالِ زندگی کو اس طرز میں ڈھال لے کہ دنیا میں بھی کامیابی حاصل کر سکے اور آخرت میں بھی راحتِ ابدی کا انعام پائے۔

ایک مذہبی کتاب کی حیثیت سے قرآنِ پاک کی ایک نمایاں خصوصیت اس ناقابلِ انکار حقیقت میں ہے کہ وہ انسانی نسل کی ہدایت کے لیے ربّانی الہامات کے نزول کے پورے عمل کو مصدق اور مکمل کرتا ہے۔ مشہور سورۂ مائدہ میں، جو آخری زمانے میں نازل ہونے والی سورتوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ پیغمبرؐ اسلام سے فرماتا ہے: —— "آج میں نے کامل کر دیا تمھارے لیے تمھارا دین اور میں نے پوری کر دی تم پر اپنی نعمت —— (سورۂ مائدہ آیت ۳)۔ اسی طرح سورۂ الاعلیٰ (سورۃ ۸۷، آیت ۱۸-۱۹) میں قرآنِ پاک یہ اعلان کرتا ہے کہ اس کے اندر جن حقائق کا ذکر ہے، وہ سابقہ صحائف میں بھی تھا یعنی ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں بھی۔ الہام کا سلسلہ بہت ہی قدیم زمانے سے شروع ہوا، جو عالمگیر مذاہب کے پیغمبروں کے ذریعے بنی نوع انسان کو پہنچایا گیا، گویا کہ یہ عمل مختلف زمانوں کا قسط وار عمل تھا تاکہ درمیانی وقفوں میں ان کی نشو و نما اور ترقی ہو۔

ہماری زندگی کی صورتِ حال ہی الہام کی ضرورت کو ثابت کرتی ہے۔ ہماری محدودیت ہی ربّانی امداد کی طالب ہے۔ ہماری زندگی مختصر ہے، ہماری صلاحیتوں اور تصوری قوتوں کی حدبندیوں کی وجہ سے ہمارے لیے یہ ناممکن ہے کہ ہم ربّانی امداد کے بغیر یہاں دنیا میں اپنے فرائض کو سمجھیں اور اپنے عمل کے لیے کوئی معقول اور صحیح منصوبہ بنائیں اور اس کے ساتھ ساتھ اپنی زندگی کی بنیادی ضرورتیں بھی مہیا کرتے رہیں۔ الہام کی ضرورت کو معقول طور پر سمجھنے کے لیے صرف ان علانیہ واقعات کا خیال کر لینا کافی ہے کہ انسان اس خارجی ماحول کا کتنا پابند ہے، جس کے سانچے میں وہ ڈھالا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ انسان کی زندگی کا قائم رہنا ہی غذا اور مکان پر منحصر ہے، جن کو بیرونی دنیا کے ذرائع سے خود اسی کو مہیا کرنا پڑتا ہے۔ اگر زمین اس کے لیے غذا پیدا نہ کرے تو پھر وہ زندہ ہی کیسے رہ سکتا ہے؟ اسی طرح انسان اپنے آپ کو ایک ایسی کائنات میں پاتا ہے، جو اس سے کروڑوں برس پہلے سے موجود ہے اور وہ یہ بھی اچھی طرح جانتا ہے کہ اس کے بعد بھی وہ باقی ہی رہے گی اور اس کو ساری چیزیں جوں کا توں چھوڑ کر رخصت ہو جانا پڑے گا۔ اس سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ انسان کے زندہ رہنے کے لیے کائنات کی ضرورت ہے، لیکن کائنات کی زندگی کے لیے انسان کی کوئی ضرورت نہیں! جس ناٹک میں اس کو اپنا کھیل دکھانا ہے اس ناٹک کا مطلب کیا ہے؟ بلکہ یہ بھی کہ اس کو اس ناٹک میں کوئی کھیل کھیلنا ہے بھی یا نہیں؟ اگر کوئی

کھیل کھیلنا ہی ہے تو وہ کوئی اہمیت رکھتا ہے یا بالکل بے نتیجہ بات ہے؟ اگر انسان کو اپنی زندگی اور اپنے وقت کا مفید مصرف نکالنا ہے تو اس کو اس قسم کے سوالات کے جوابات تلاش کرنے پڑیں گے۔ اس کو اپنی زندگی کے ختم ہونے سے پہلے یہ محسوس کرلینا پڑے گا کہ اس کی زندگی کے لمحات اس مقصد کی تکمیل کے لیے وقف ہیں، جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے، اگر واقعی کوئی ایسا مقصد ہے جس کی خاطر اس کی تخلیق ہوئی ہے۔ ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے میں نہایت تجربے کار فلسفی بھی بڑے عرصے تک غور و فکر کرنے کے باوجود عاجز ہی رہے اور قائل کر دینے والے جواب حاصل نہ کر سکے۔ ان مسائل کو حل کرنے کے دوران میں انسانی زندگی کا دریا برابر بہتا رہا۔ ہر لمحہ جو گزرتا رہا وہ انسان کو تجربے اور امکانات کے نئے نئے میدانوں میں پھینکتا رہا۔ زندگی کا ایک المیہ یہ ہے کہ جو لمحہ گزرتا ہے وہ ہمیشہ کے لیے چلا جاتا ہے اور پھر کبھی واپس نہیں آتا۔ اس صورتِ حال میں انسان اپنے وجود کے قانون کی تکمیل کے لیے کیا چارۂ کار اختیار کرے؟ جب وہ قانون ہی کو نہیں جانتا تو کیا کر سکتا ہے؟ انسان اپنے آپ کو ایسی بے چارگی اور عاجزی کی حالت میں پاتا ہے کہ ہر طرف سے ایسے مشکل سوالات پیدا ہوتے رہتے ہیں، جن کا کوئی معقول جواب ہاتھ نہیں آتا۔ عجب اتفاق ہے کہ قرآنِ پاک بھی انسان کی اسی بے چارگی کا حوالہ دیتا ہے، چناں چہ کہتا ہے، "بے شک ہم نے پیدا کیا انسان کو مصیبت میں"۔ یہی مجبوری اور بیچارگی الہام کی ضرورت کی داعی ہوتی ہے۔ مذہب زندگی کے ان سوالات کے جوابات عالمگیر مذاہب کے پیغمبروں کی ذمّے داری پر مہیا کرتا ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ ہی کی رہنمائی حاصل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی اس کائنات کا مہربان پرورش کنندہ ہے اور وہی ساری خلقت کی رہنمائی بھی کرتا ہے۔

"کتابِ ہدایت" کی حیثیت سے قرآنِ پاک نے "ہدایت" کے تصوّر کے پورے مضمرات کی توضیح کر دی ہے۔ "ہدایت" کے لفظی معنی "رہنمائی کرنے" اور "راستہ دکھانے" کے ہیں۔ ۸۷ ویں سورت "الاعلیٰ" میں عمل ترقی اور نشو و نما کے ان تمام متعلقہ پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے، جن سے مخلوقات کو گزرنا پڑتا ہے۔

"تسبیح کر اپنے رب کے نام کی جو سب سے برتر ہے، جس نے (تمام چیزوں کو) پیدا کیا اور پھر (انھیں) ٹھیک بنایا۔ اور جس نے (ان چیزوں کا) اندازہ ٹھیرایا پھر راہ دکھائی" (سورۃ ۸۷، آیت ۱، ۲، ۳)۔ یہ "ہدایت" اپنے وسیع معنی میں "انواع" کی اندرونی ترقیوں کا اصول تسلیم کی جا سکتی ہے۔ کمتر انواع کے حیوانات کو "جبلّتیں" اور "حواس" دیے گئے ہیں۔ حواس کے ذریعے سے ان کی جبلّتیں ان کی زندگی کے توازن کو قائم رکھتی ہیں۔ دیکھنے، سننے، چھُونے اور سونگھنے کے حواس ہی سے وہ اپنے آپ کو اپنے ماحول کے مطابق بنا لیتے ہیں اور پھر اپنی نوع کی افزائش نسل کرتے ہیں۔ انسان کے معاملے میں اس "ہدایت" کے دائرے میں اللہ کا اس کو "تعقل" کا عطا کرنا بھی آجاتا ہے۔ "تعقل" ایک طرح کی ایسی صلاحیت ہے، جو انسان کے اندر کی حیوانی جبلت کے اظہار کو قابو میں رکھتی ہے اور اسے اپنے حدود سے آگے بڑھنے نہیں دیتی۔ جبلّت پر تعقل کے اسی اقتدار کے ذریعے انسان اپنی ادنا فطرت کو ابھرنے اور بے لگام ہونے نہیں دیتا اور انسان کو ایک برتر درجہ حاصل کر لینے کا موقع مل جاتا ہے۔ تعقل بے شک ایک بہت بڑا عطیہ ہے، مگر وہ کافی نہیں ہے، کیوں کہ تعقل کا دائرۂ عمل، حواس کی مرتّب کردہ جبلّی زندگی تک محدود ہے۔ تعقل کا دائرہ ایک محدود دائرہ ہے۔ اس دائرے کے باہر قدم رکھنا خطرناک ہے۔ اس لیے پیغمبروں نے الوہیت کی جانب سے ہدایت کی ایک نئی شکل انسانوں تک پہنچائی۔ ہدایت کی یہ نئی شکل پیغمبروں کے ان احکام کی صورت میں ہے جن کی انسان پابندی نہ کرے تو کائنات سے ٹکراتا رہے گا، نہیں، بلکہ خود اپنی اندرونی قوتوں سے برسرِ جنگ رہے گا۔ اس ہدایت سے مسلح ہونے کے بعد انسان تعقل کے اس تنگ دائرے سے باہر نکل آنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ اسی ہدایت کی بدولت انسان اپنی مکمل تقدیر کا تصور کر سکتا ہے اور عالم گیر مذاہب کے پیغمبروں کی پہنچائی ہوئی الہامی صداقتوں کی روشنی میں اپنے بنی نوع

کے انفرادی اعمال کی تنظیم کر سکتا ہے۔ یہ بات صاف نظر آتی ہے کہ ہدایت کے یکے بعد دیگرے رونما ہونے والے پہلو سابقہ پہلو کے دائرۂ عمل کو محدود کر دیتے ہیں۔ اس طرح حواس جبلتوں کی اصلاح کرتے ہیں۔ تعقل حواس کی اصلاح کرتا ہے اور الہامی صداقت خود تعقل کے عمل کی اصلاح کرتی ہے۔ پیغمبرانہ شعور انسان کے لیے بلند تر صداقت کی عکاسی کرتا ہے، جس پر غیر ہدایت یافتہ تعقل کو رسائی حاصل نہیں ہوتی۔ انسان کو ان حدود سے آگاہ کر دیا گیا ہے، جن کے اندر رہنا اس کی سلامتی کے لیے ضروری ہے۔ اس کو ان چیزوں کا منصوبہ دکھایا اور سمجھا دیا گیا ہے، جس کے اندر اس کو اپنی جدوجہد جاری رکھ کر اپنے مقصد تخلیق کی تکمیل کرنی ہے۔ اس لیے تعجب کی بات نہیں کہ قرآن پاک کا یہ ارشاد ہے: "بے شک انسان کو راستہ دکھانا ہمارا ہی کام ہے اور بے شک مستقبل بھی ہمارا ہی ہے۔ اور ماضی بھی ہمارا ہی ہے"۔ (سورۃ ۲۲ آیت ۱۳، ۱۴) اسی طرح آگے چل کر ارشاد ہوتا ہے:

"اور جنھوں نے ہمارے بارے میں جدوجہد کی، ہم ضرور دکھائیں گے انھیں اپنے راستے اور بے شک اللہ نیکو کاروں کے ساتھ ہے۔" (سورۃ ۲۹، آیت ۶۹) ہدایت ربانی انسان کے انحصار کا ذکر ان آیتوں سے بھی زیادہ واضح انداز میں حسب ذیل آیتوں میں کیا گیا ہے: "کہہ دے، بے شک اللہ کی ہدایت ہی سچی ہدایت ہے، اور ہمیں حکم ہے کہ ہم فرماں بردار رہیں جہانوں کے پروردگار کے۔ سورۃ ۶ آیت ۷۱)۔ پھر ایک دوسرا ارشاد ہے "مگر جب تک وہ تمھارے دین کی پیروی قبول نہ کرلیں، نہ یہودی تم سے مطمئن رہیں گے اور نہ عیسائی۔ کہہ دے، بے شک ہدایت تو خدا ہی کی طرف سے ہوتی ہے اور وہی ہدایت سچی ہدایت ہے (سورۃ آیت)

اس طرح مسائل زندگی کے حل کی کام یاب دریافت کے لیے دو اہم ترین ضرورتیں نظر آتی ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ کہ انسان کی روح میں ایک سوال پیدا ہو، انسان کے اندر مسائل حیات کے حل کی تلاش کے لیے ایک تڑپ پیدا ہو اور اللہ تعالیٰ سے راستہ دکھانے کے لیے دلی دعا نکلے۔ اسی ضرورت کی تکمیل کی وجہ سے ان علما نے سورۂ فاتحہ کو اتنی اہمیت دی ہے، جنھوں نے قرآن کی حکمت عملی کا بڑے گہرے غور و فکر سے مطالعہ کیا ہے۔ اس سورۃ کے مطابق ہر شخص کو یہ دعا کرنی پڑتی ہے: "ہمیں راہ دکھا۔" دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ "ہمیں ہدایت دے۔" اگر کسی انسان کی روح پاک ہے اور وہ خلوص کے ساتھ "ہدایت کے لیے دعا مانگ کر قرآن کی وہ آیتیں پڑھنا شروع کر دے جو اسے یاد ہیں تو وہ اپنے سوال کا جواب پا لے گا۔ اور دوسری ضرورت یہ ہے کہ اگر کوئی راستہ دکھایا جائے تو انسان اس پر چلنے کا عزم بھی رکھتا ہو۔ اگر ایسا انسان دکھائے ہوئے راستے کے اس چھوٹے سے حصے پر بھی نہ چلے گا تو اس پر پورا راستہ ظاہر نہیں کیا جائے گا۔ سچائی کو قبول کرنے کی صلاحیت کا انحصار کلی طور پر انسان کی اس کوشش پر ہے جس کو وہ حاصل ہونے والی سچائی کو قبول کرنے میں کام میں لاتا ہے۔ ایسا شخص جو راستے کو دیکھتا ہے، مگر اس پر چلتا نہیں، ظاہر ہے کہ جہاں کھڑا ہے وہیں رہے گا۔ درحقیقت قانون تو یہی ہے۔ ایسے شخص کو راستے کا اگلا حصہ نظر ہی نہیں آ سکتا۔

مذہب کی حکمت عملی ٹھیک اسی انداز کی ہے۔ انسان اسی اصول پر کاربند ہو کر اپنے مقصد تک پہنچانے والا راستہ پا سکتا ہے۔ انسان سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ اپنی کم زور طاقتوں کی دھندلی روشنی میں اپنا راستہ خود تلاش کر لے گا۔ وہ اس راستے پر چلنے کی پوری طاقت اور میلان بھی نہیں رکھتا۔ عالم گیر مذاہب کے پیغمبروں کے ذریعے اس کو جو الہامی صداقت عطا کی گئی ہے، وہ اس صداقت پر پورا ایمان رکھتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں اس کی مدد کرے گی۔ اس کی اپنی فطرت کی رسائی کچھ اس قسم کی ہے کہ وہ زندگی کے بنیادی مسائل کے حل کرنے میں کوئی مدد نہیں کر سکتی۔

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے، الہام ربانی کا طریقۂ کار اس پیغام الٰہی میں مسطور ہے جس کو پیغمبر اسلامؐ نے پوری نوع انسانی کے لیے پہنچایا ہے۔ یہ بات اس حد تک سچ ہے کہ مذہب خود نسل انسانی کی تعلیم مہیا کرتا ہے۔ انسان نے ترقی پائی اور اپنے ارتقا کے مختلف پہلوؤں

کا شاہد رہا۔ مختلف پیغمبروں نے اپنی اپنی قوموں کو مختلف پیغام پہنچائے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ انسانیت مختلف خطوں میں مختلف حالات میں بٹ چکی تھی اس لیے خاص خاص قوموں کو تاریخ کے خاص خاص ادوار میں پیغامات پہنچائے گئے۔ انسان کی ترقی کی رفتار اسی قسم کی تعلیم سے بڑھائی جاسکتی ہے۔ اسلام سے مذہب کی تکمیل ہوئی۔ بالفاظ دیگر، الہامی پیغاموں کا سلسلہ اسلام پر ختم ہوگیا اور الہامی پیغام پر عمل کرنے اور اس کے نتائج کے دیکھنے کا زمانہ شروع ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ ابتدا کے تمام صحیفوں میں پیغمبر اسلام کی پیشین گوئیاں پائی جاتی ہیں۔ بائبل کے پڑھنے والے یہ جانتے ہیں کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے فرمایا: "مجھے تم سے بہت کچھ کہنا ہے، لیکن تم ان کو سمجھنے کی ابھی صلاحیت نہیں رکھتے۔ وہ تمھیں مکمل صداقت کی طرف رہ نمائی کرے گا، کیوں کہ جو کچھ کہے گا، اپنی طرف سے نہیں کہے گا بلکہ وہ جو کچھ سنے گا، وہی بیان کرے گا۔" اس کے علاوہ "عہد نامۂ جدید" بھی اسی سچائی کی تصدیق کرتا ہے، "جس کو آسمان قیامت کے وقت تک قبول کرے گا، ان تمام باتوں کے متعلق جن کو خدا نے دنیا کے آغاز سے اپنے تمام مقدس پیغمبروں کی زبان سے کہا ہے (ایکٹس ۳، آیت ۲۱، ۲۲)

خود قرآن بھی اس کا حوالہ کا سورۃ ۶۱ آیت ۶ میں ذکر کرتا ہے کہ ـــ "اور جب کہا عیسٰی ابن مریم نے اے بنی اسرائیل، بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تمھاری طرف تصدیق کرنے والا اس کی جو مجھ سے پہلے ہے تورات (میں) اور خوش خبری دینے والا ہوں ایک رسول کی جو آئے گا میرے بعد اس کا نام "احمد" ہوگا۔

اسلام کے اس بنیادی عقیدے کا یہ مطلب نکلتا ہے کہ پیغمبر اسلام "آخری" پیغمبر ہیں۔ اس طرح قرآن پاک احکام ربّانی کے سب سے آخری الہامی پیغام کا حامل ہے۔ نوعِ انسان کی طرف پیغمبر اسلام کے آجانے کے بعد ربّانی پیغامات کا سلسلہ ہی بند ہوگیا، اس لیے کہ اسلام انسانی تاریخ کے اس پہلو کی نشان دہی کرتا ہے جو انسانی فرد کے بلوغ کے دور سے مطابقت رکھتا ہے۔ قرآن پاک کی اس ممتاز خصوصیت کے متعلق کہ وہ انسانیت کے پوری طرح بالغ شدہ افراد سے خطاب کرتا ہے، چند باتیں یہاں پیش کی جاتی ہیں، جن سے قرآن پاک کی اس شان دار حکمت عملی کی توضیح ہوتی ہے، جس کے ذریعے اس نے دنیا میں نوعِ انسانی کو اخلاقی اور ذہنی حیاتِ نو بخشی۔

قرآن پاک کے اسی دعوے سے کہ وہ ایک کتاب ہدایت ہے، یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ وہ "عہد نامۂ قدیم" کی طرح "احکام عشرہ" کی سی کتاب نہیں ہے۔ پیغمبرؐ اسلام کو اس پر مامور کیا گیا تھا کہ وہ انسانوں کی تطہیر کرکے کتاب اللہ کی تعلیم دیں، تاکہ وہ حکمت سیکھیں اور یہی ان کا مقدّر ہے (سورۃ ۲۔ آیت ۱۲۹، ۱۵۱ اور ـــ سورۃ ۳، آیت ۱۶۴) پیغمبرؐ اسلام کا کام تنبیہ کرنے کا بھی تھا اور رہ نمائی کرنے کا بھی۔ قرآن پاک نیک و بد کے انتخاب کی ذمہ داری پوری طرح بلا اشتباہ لوگوں پر ڈال دیتا ہے۔ اس کا ارشاد ہے:"

"کیا ہم نے تمھیں دونوں راستے نہیں بتا دیے ؟" ـــ ایک راستہ آسان ہے اور دوسرا مشکل ہے۔ قرآن پاک اس کا بھی اعلان کرتا ہے کہ انسان اپنے اعمال کے سوا کسی چیز کا مالک نہیں ہے اس کو اپنے اعمال کے لحاظ سے جانچا جائے گا۔ کیا اس سے یہ بات مترشح نہیں ہوتی کہ قرآن پاک یہ تسلیم کرتا ہے کہ انسان اپنے ارتقا کی اس منزل پر پہنچ چکا ہے جہاں سے صحیح اور غلط میں امتیاز کر سکتا ہے۔ قرآن پاک کو "فرقان" بھی کہا جاتا ہے، جس کا مطلب صرف یہی ہے کہ یہ وہ کتاب جو امتیاز کرنے میں مدد دیتی ہے یعنی اقدار کے وزن کا امتیاز اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ کون کون سی قدریں اچھی، بہتر اور بہترین ہیں اور کون کون سی بُری، بدتر اور بدترین ہیں۔ قرآن پاک کی یہ تمام باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ قرآن ایسے لوگوں سے مخاطب ہے جو امتیاز کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

جدید دنیا پر قرآنی پیغام کی لابدی ضرورت کو ظاہر کرنے کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ایک ایک کر کے موجودہ زمانے کے عمدگی کے معیاروں کو لیا جائے، یعنی ان اقدار اور مقاصد کو جن کو دورِ حاضر کی انسانیت کا تعلیم یافتہ طبقہ قبول اور نمایاں کرتا ہے۔ اس کے بعد یہ سوال کیا جائے کہ ان اقدار ومقاصد کی پیدائش کہاں ہوئی؟ یہ کہاں سے آئے اور خاص طور پر یہ سوال پوچھا جائے کہ آیا یہ تمام اقدار ومقاصد قبل اسلام کی کسی مذہبی تعلیمات میں بھی پائے جاتے ہیں یا ان کو قابلِ تعریف بنایا گیا ہے۔ اگر ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ دورِ حاضر کے مقاصد اور اقدار کسی مہذب آدمی کی نظر میں اس قابل ہیں کہ انھیں قبول اور اختیار کیا جائے اور وہ پہلی مرتبہ اسلام نے الہامی طریقے پر پیش کیے۔ تب تو یہ واقعہ کہ وہ چودہ سو برس کے بعد بھی وہی پیغام اصولاً اب تک رائج ہے اس بات کا کامل ثبوت ہوگا کہ قرآن دنیا کے سامنے جو دعوا کرتا ہے، وہ آج بھی قابلِ قبول ہے۔

اگر منفی طور پر یہ کہا جائے کہ قرآنی پیغام آج از کار رفتہ ہو چکا ہے یا یہ کہ چند نئے اقدار ومقاصد دورِ حاضر میں رائج ہو گئے ہیں، جن پر قرآن نے زور نہیں دیا تب ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ قرآن ایک وقتی کتاب تھی اور اس کا پیغام اب از کار رفتہ ہو چکا ہے۔

اگر مجھ سے یہ پوچھا جائے کہ انسانیت کا تعلیم یافتہ طبقہ کن اقدار کو اس بیسویں صدی کے وسط میں قابلِ قبول سمجھتا ہے تو میں ان کو حسبِ ذیل سلسلے میں پیش کروں گا:۔

(۱) انسانی برادری کی بنیادی مساوات

(۲) آزاد تحقیقات کا جذبہ اور سائنسی معلومات کی اہمیت

(۳) مذہبی رواداری پر عمل درآمد

(۴) عورت کی آزادی اور مرد سے اس کی روحانی مساوات

(۵) ہر قسم کی غلامی سے آزادی

(۶) جسمانی محنت کا وقار

(۷) نوعِ انسانی کے واحد ہونے کا جذبہ جو رنگ، نسل وغیرہ کے امتیازات سے مبرا ہو اور اخلاقی اور روحانی اصولوں کی بنیاد پر نوعِ انسانی کا اتحاد۔ ایسے غرور وتکبر کا ازالہ جس کی بنیاد رنگ، دولت وغیرہ کی برتری پر ہو۔

۸۔ نفس کشی کے فلسفے کا ترک

دورِ حاضر کے انسان کے اس ایجنڈے کی ہر مد اولوالعزمانہ اور شریفانہ کوشش ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان تمام مدوں کی قرآن کے مختلف احکام سے کامل اور مکمل طور پر حمایت ہوتی ہے اور پیغمبرِ اسلام نے جس طرح اپنی زندگی بسر کی اس سے ایک مثال قائم ہوتی ہے:۔

پیغمبرِ اسلام کو غیر معمولی حیثیت اس لحاظ سے حاصل ہے کہ آپؐ انسان بھی ہیں اور پیغمبر بھی۔ قرآن پاک بار بار آپ سے یہ کہلواتا ہے کہ دوسرے انسانوں کی طرح آپؐ بھی ایک انسان ہیں الا اس کے کہ جبرئیل امین آپ کو وحی پہنچاتے ہیں۔ آپ ہی ایک انتہا پیغمبر ہیں جنھیں معجزہ دکھانے کی کوئی خواہش نہیں تھی، بلکہ آپؐ تو معجزہ نہ دکھانا ہی اپنے لیے طغرائے امتیاز قرار دیتے ہیں۔ آپؐ کسی الوہی نسل سے ہونے کا دعوا نہیں کرتے۔ آپؐ صرف ایک معمولی انسان بننے سے مطمئن ہیں۔ آپؐ نے نہایت دیانت دارانہ زندگی بسر کی اور ساری زندگی سرگرم عمل رہے۔ اپنی آخری عمر تک آپؐ ایک بلند معیارِ اخلاق پر قائم رہے اور انسانی وقار کے ساتھ زندگی بسر کی۔ آپؐ ایک قابل

اور نڈر سپاہی ہیں، ایک محبت کرنے والے شوہر ہیں۔ ایک قابلِ اعتماد دوست ہیں اور ایک عقل مند حکمران ہیں۔ آپؐ نے ہر لحاظ سے زندگی کے تقدس کو برقرار رکھا۔ آپؐ نے ساری زمین کو عبادت گاہ بنایا۔ آپ اس بات کی تردید کرتے ہیں کہ عرب کسی غیر عرب پر کوئی برتری رکھتا ہے یا کوئی غیر عرب کسی عرب پر فائق ہے۔ آپؐ انسانی روح کی بلندی، برتری اور رفعت کے لیے صرف ایک فیصلہ کن معیار مقرر کرتے ہیں، جو اپنے آپ پر قابو رکھنے اور راست بازی سے عمل کرنے پر منحصر ہے۔ یہاں تک کہ جب آپ پورے عرب کے حکمراں بن گئے تب بھی اپنی سادہ زندگی اور پرانے طریقوں کو ترک نہیں کرتے اور اپنی ذات پر اور اپنے پیرووں پر یہ لازم گردانتے ہیں کہ وہ ضرورت مند ان کی ضرورت کی چیزیں دیا کریں۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ اس طرح دو کہ تمھارے بائیں ہاتھ کو یہ معلوم نہ ہو کہ تمھارے دائیں ہاتھ نے کیا دیا۔ آپ اپنے پیرووں کو ترکِ دنیا کی ممانعت کرتے ہیں۔ حقیقت میں خدا ہر جگہ ہے اور اس کی زمین بہت وسیع ہے اور انسان کو ہر جگہ اس کی اطاعت کرنی چاہیے۔

تعلیمی عمل کو قرآن جو اہمیت دیتا ہے، وہ کسی وضاحت کی محتاج نہیں ہے۔ اس کتاب کا آغاز ہی پڑھنے کے حکم سے ہوا، "پڑھ! اس رب کے نام سے جس نے سب کو پیدا کیا۔ پیدا کیا انسان کو خونِ بستہ سے۔" (سورہ ۹۶، آیت ۱، ۲) "پڑھ! اور تیرا رب سب سے بڑھ کر کرم کرنے والا ہے، جس نے سکھایا قلم سے (سورہ ۹۶، آیت ۳، ۴)۔

سیاہی اور قلم اور جو کچھ ان سے لکھا جاتا ہے قرآن میں اُن اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔ (سورہ ۶۸ آیت ۱)

قرآن پاک تفکّر، تعمق، تعقل اور تفحص کی بار بار دعوت دیتا ہے۔ ایک طرح سے یہ کہنا کوئی مبالغہ نہ ہو گا کہ ساری کتاب میں اس طریقِ کار اور تیکنیک کی طرف رہنمائی کی گئی ہے، جن کے ذریعے انسان کتابِ فطرت کو پڑھ سکتا ہے اور اپنے اندر الوہی علامتوں کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ تمام کائنات ایک ہے اور انسان کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اس کو غور سے دیکھے اور اس سے سبق حاصل کرے۔ قرآن پاک بار بار ہم کو یہ حکم دیتا ہے کہ ہم فطرت کے مختلف حادثات کو بہ نظرِ غور دیکھیں اور ہمیں للکارتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی تخلیق پر ایک نظر ڈالیں اور تلاش کریں کہ اس میں کوئی سقم بھی موجود ہے۔ وہ اس پر قناعت نہیں کرتا کہ ہم کائنات پر ایک ہی نظر ڈالیں، بلکہ یہ دعوت دیتا ہے کہ ہم اس پر دوسری نظر بھی ڈالیں۔ قرآن کے مطابق "بلاشبہ ہماری نگاہ تھک کر لوٹ آئے گی اور ہم اس مالک کی تخلیق میں کوئی سقم نہیں پا سکیں گے۔" (سورہ ۶۷، آیت ۳، ۴) اس کے بعد ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم فطرت کی ہم آہنگی میں تبدیلیوں کو بہ غور دیکھیں جن میں ہمارے رب کی نشانیاں ہیں۔ مثلاً رات اور دن ایسے ہیں جیسے ایک دوسرے کا پیچھا کر رہے ہوں۔ ہمیں یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ اس کا بھی مطالعہ کریں کہ بارش سے مردہ زمین کس طرح زندہ ہو جاتی ہے۔ ہمیں موسموں کی تبدیلی اور چاند اور سورج کی گردش پر بھی غور کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ قرآن پاک کی تیرھویں سورت کی تیسری اور چوتھی آیت میں یہ بھی ارشاد ہے کہ سوچنے والے لوگوں کے لیے فطرت کے اندر بہت سی نشانیاں موجود ہیں۔ قرآن پاک کا اپنے معجزانہ الفاظ میں ارشاد ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے زمین پھیلائی اور اس پر مضبوط پہاڑ جمائے اور ندیاں جاری کیں اور تمام پھلوں کو اس نے دُو دُو کا جوڑا پیدا کیا۔ اس نے رات کو اس قابل بنایا کہ دن پر چھا جائے۔ یقیناً اس میں سوچنے والوں کے لیے نشانیاں موجود ہیں۔ زمین پر پاس پاس ایسے قطعات موجود ہیں، جن میں انگوروں کی بیلیں ہیں، غلّہ ہے، کھجور کے درخت ہیں، بعض ایک جڑ سے اور بعض علیحدہ علیحدہ جڑوں سے پیدا ہوتے ہیں، وہ سب ایک ہی پانی سے سیراب ہوتے ہیں اور ان میں سے ہم (چند درختوں کو) دوسروں سے زیادہ میوہ پیدا کرنے کے قابل بنا دیتے ہیں۔ بے شک سمجھنے والوں کے لیے ان میں نشانیاں موجود ہیں۔

اِسی مسلسل دعوت کا نتیجہ فطرت کا مشاہدہ اور اس کے اسرار کو سمجھنا تھا، جس نے اسلام کے ابتدائی زمانے کے عربوں کو سائنس اور سائنسی طریقوں کا پیش رو بنایا۔ آج کل انسانی ثقافت کے مورخ ہر چیز کو اس طرح سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں جیسے عربی سائنس کا کوئی وجود ہی نہیں تھا۔ یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ ہمارے لیے ہر چیز یونانیوں نے دریافت کی تھی۔

یورپین ثقافت اور تہذیب کے اخلاقی اور ذہنی ثمرات کا سرچشمہ اس کے علاوہ کہیں اور تھا، جس کو محقق علما عام طور پر قرار دیتے ہیں۔ یورپ کی تہذیب خود پروٹسٹنٹ تحریک کے بعد کی پیداوار ہے۔ آج یورپ کے اسکول کے ہر پڑھنے والے لڑکے کو یہ یقین دلایا جاتا ہے کہ اصلاحِ مذہب (ریفارمیشن) کی تحریک نشاۃ ثانیہ کی تحریک کا نتیجہ تھی اور نشاۃ ثانیہ کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ قسطنطنیہ کی ترکی فتح کے بعد تحریک احیاء العلوم کے باعث رونما ہوئی۔ بہرحال یورپ کے تاریک دور کا یک لخت خاتمہ ہو گیا اور نشاۃ ثانیہ کی روشنی پھیل گئی۔

یہ تمام باتیں مہذب یورپ اور امریکا کی یونی ورسٹیوں میں آزاد تعلیم کے نام سے پڑھائی جاتی ہیں اور خود اس نشاۃ ثانیہ کی اصلیت کے مطابق ہر قسم کی غلط توضیحیں موجود ہیں اور نئی نئی تراشی جاتی ہیں لیکن ڈاکٹر رابرٹ بریفاٹ (DR. ROBERT BRIFFAUT) کی تاریخی تجزیے کی ایک دیانت دارانہ کوشش ظاہر کرتی ہے کہ

"پندرھویں صدی میں عربی اور مسلم اثرات کی وجہ سے حقیقی نشاۃ ثانیہ رونما ہوئی۔ اِٹلی نہیں، بلکہ اسپین یورپ کی نئی زندگی کا گہوارہ تھا۔ آہستہ آہستہ بربریت کے غار میں گرتے گرتے یورپ کی قومیں جہالت اور ذلت کی تاریک ترین گہرائی میں جا پڑی تھیں۔ اس زمانے میں اِسلامی دنیا کے شہر بغداد، قاہرہ، قرطبہ، طلیطلہ، تہذیب اور ذہنی سرگرمیوں کے ترقی پذیر مرکز تھے۔ یہی شہر تھے جہاں نئی زندگی پیدا ہوئی، جو بعد میں نشو و نما پا کر انسانی ارتقا کا ایک نیا پہلو بن گئی۔ جس وقت سے ان شہروں کی ثقافت کے اثرات محسوس ہونے لگے، تب سے ایک نئی زندگی کی حرکت شروع ہوئی۔"

"اغلب یہ ہے کہ عربوں کے بغیر یورپ کی جدید تہذیب کبھی ترقی ہی نہیں کر سکتی تھی۔ یہ بات تو قطعی یقینی ہے کہ یہ کبھی اس وضع کی نہ ہوتی کہ ارتقا کے سابقہ تمام پہلوؤں پر سبقت لے جا سکتی، اگرچہ یورپ کی ترقی کا ایک بھی پہلو ایسا نہیں ہے، جس میں اسلام کا فیصلہ کن اثر نہ پایا جاتا ہو اور یہ اثر اتنا واضح اور نمایاں اور کہیں نہیں جتنا کہ جدید دنیا کی سب سے نمایاں طاقت اور اس کی فتوحات کے سب سے بڑے چشمے یعنی نیچرل سائنس اور سائنسی اسپرٹ میں موجود ہے۔" (ملاحظہ ہو ڈاکٹر رابرٹ بریفاٹ کی کتاب "تعمیرِ انسانیت"، ص ۱۸۸ تا ص ۱۹۰)

جدید یورپ کے صرف ذہنی ارتقا ہی میں اسلام کا اثر مانا اور سمجھا جا سکتا ہے۔ یہی مصنف کہتا ہے کہ "اسلام کی ذہنی ثقافت کے اثرات کے ساتھ ساتھ ایک اخلاقی ارتقا بھی رونما ہوتا رہا، جو مذکورہ بالا اثرات سے کسی طرح سے کم نہیں، عیسائی یورپ کی وحشیانہ عدم رواداری حقیقت میں اس رواداری کے مقابلے میں زیادہ باعثِ اشتعال تھی، جو مذہب کا امتیاز نہ کر کے عیسائی اور یہودی دونوں پر یکساں طور پر اعزاز اور عہدے عطا کرتی تھی اور جس کے اصولوں کو "تین انگوٹھیوں" کی کہانی سے بکاکشیو اور لیسنگ نے مقبولِ عام بنایا ہے۔ جن سمجھ دار لوگوں کا اسلامی تہذیب سے واسطہ پڑا ان میں دُور رس اثرات سرایت کیے بغیر نہ رہے۔ اور بربریت پسند یورپ اس سے متاثر ہونے کا اعتراف کیے بغیر نہ رہ سکا۔ اس کو اسپین کے بہادروں اور المنصور کے سے خوف ناک لیکن شریف سپاہیوں کے (جس کا یہ بیان تھا کہ اگرچہ اس نے بہت سے دشمنوں کو جنگ میں قتل کیا، لیکن کسی کی ہتک نہیں کی) بلند، وسیع الخیالی اور بہادری کے معیاری نمونے سے اسی بربریت پسند یورپ کو بڑا سخت ٹھونک لگا اور اس نے مسلمانوں کی برابری یا ان سے برتری حاصل

کرنے کا عزم کرلیا۔ بہادری کے نصب العین اور وقار کو اگر بیسویں صدی کا انگلستان پیش نظر رکھتا تو فائدے میں رہتا۔ لفنگے صلیبی سپاہیوں کو صلاح الدین کی بہادری، اس کی فیاضی اور شان دار کردار نے شرمندہ کر دیا تھا اور بہادری کی ایک بڑی صفت منصبی بلند اخلاقی کی روایت قائم ہوگئی تھی۔ شاعری اور افسانوں پر عربی خیالات کا گہرا رنگ چڑھ گیا۔ اس زمانے میں بھی غیر مذہبی ادب تھا، جس کی خوب اشاعت ہوتی تھی اور عوامی تخیّل متاثر ہوتا تھا۔ اسلامی دنیا کے پروونس کے درباروں سے عورتوں کے وقار اور مرتبے کا ایک نیا تصور یورپ میں پھیل گیا۔ پرووِنس میں عورت مرد کی ذہنی دل چسپیوں اور خوشیوں میں حصہ لیتی تھی۔ اِس طرح اگرچہ اِس بات سے ذہنوں کو بڑا دھکا لگے گا کہ ہمارے روایتی خیالات کے لیے ایک معمّا ثابت ہوگا اگر یہ خالص سچائی بیان کی جائے کہ یورپ کے حقیقی علمی اور ٹھوس اخلاق کو اسلام نے اتنا زیادہ فائدہ پہنچایا جتنا کہ اخلاقیات کے بلند تر عقیدے کو پہنچایا تھا۔ (ملاحظہ ہو تعمیرِ انسانیت صفحات ۳۰۷ تا ۳۰۹)۔

اِسی طرح قبل اسلام کے دَور میں عورتوں کی حیثیت اتنی افسوس ناک تھی کہ جدید انسان کو یہ سمجھانا مشکل ہے کہ اسلام نے اس میں کتنی تبدیلی کر دی۔ اسلام نے عورت کی عزت و تکریم کرنے کی ضرورت پر انسانیت کو نئے احکام کا پابند بنایا۔ عربوں میں یہ رَواج ہو چلا تھا کہ اپنے گھروں میں لڑکی کی پرورش کو گوارا نہیں کرتے تھے۔ وہ لڑکیوں کو اپنے بلند مرتبے کے لیے باعثِ ذلت سمجھتے تھے۔ وہ انھیں زندہ دفن کر دیتے تھے۔ اسلام نے اس کی سخت ممانعت کر دی۔ میراث کے متعلق جو قانون رائج کیا گیا اس کی رُو سے لڑکی کو اپنے بھائی کا حصے دار بنایا گیا۔ یہ بات اس وقت کتنی عجیب نظر آتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ تہذیب یافتہ انگلستان میں بھی ۱۹۲۲ء تک بھی کوئی شادی شدہ عورت کسی جائداد کی مالک نہیں بن سکتی تھی۔ اسلام نے عورت کو نہ صرف جائداد میں ورثہ پانے کا حق عطا کیا، بلکہ وہ اپنے شوہر کے مقابلے میں جائداد کی مالکہ بھی بن سکتی ہے۔ یہ حق یہاں تک وسعت رکھتا ہے کہ اگر اس کا شوہر اس کی جائداد کو خرد برد کرنے کا مرتکب ہو تو عورت محض اسی بنا پر شوہر سے طلاق حاصل کر سکتی ہے۔ بیوہ کو اپنے شوہر کی جائداد میں حصہ پانے کا حق حاصل ہے۔ شوہر کو اپنی بیویوں کے حقوق تسلیم کرنے پڑتے ہیں۔ اس کے متعلق سورت ۲ آیت ۲۸۸ تا ۲۹۶ اور سورت ۴ آیت ۳۴، آیت ۵۶۸، ۵۷۰، ۵۷۲ میں واضح احکام موجود ہیں۔
چودہ سو برس پہلے عورت کو طلاق حاصل کرنے کا حق دیا گیا تھا، جب کہ عیسائی دنیا کے مذہبی قانون کے تحت عورت کا طلاق حاصل کرنا ناممکن تھا۔ جدید غیر مذہبی قوانین نے عیسائی ملکوں میں طلاق کے حق کو تسلیم کرلیا ہے، جو گویا اس مسئلے میں قرآن کی حکمت بالواسطہ تسلیم کرلینا ہے۔

ایک زمانہ تھا جب کہ عورتوں کے متعلق یورپ میں یہ کہاوت عام تھی کہ مرد خدا کے لیے اور عورت اس خدا کے لیے جو اس کے شوہر کے اندر موجود ہے، لیکن اسلام نے عورت کی آزاد شخصیت کو مان لیا اور وہ راست خدا کے سامنے جواب دہ قرار دی گئی ہے۔ قرآن نے عورت کا اتنا احترام کیا ہے کہ اس کی ایک سورت ہی کا نام النساء (عورت) ہے اور عورت کی حیثیت اور وقار کے متعلق بہت سے حوالے موجود ہیں۔ یہ بات عورت کی قبلِ اسلام حیثیت کے بالکل متغائر اور برعکس ہے۔ اگر اس موضوع کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ قرآنی تعلیمات میں عورت کی جو حیثیت مقرر کی گئی ہے، وہ دنیا کے کسی بھی خطے میں عورت کی موجودہ حیثیت سے بلند تر ہے۔ تاریخ میں عورتوں کی آزادی کے سلسلے میں جو کامیابیاں حاصل کی گئیں، ان کے متعلق میں یہی عرض کروں گا کہ وہ قرآن کے اثرات کا نتیجہ ہے۔
اِسی طرح اسلام نے دورِ غلامی کو ختم کرنے پر کمر باندھی۔ غلاموں کو آزاد کرنا اسلام نے انتہائی اعزاز قرار دیا گیا ہے (سورۃ ۹، آیت ۱۳)۔ انسان کی آزادی کے متعلق قرآن میں اِتنی وسعت کے ساتھ بحث کی ہے کہ قرآن کو انسانی آزادی کا منشور قرار دیا جا سکتا ہے۔ قرآن نے اعلان کیا ہے کہ اِنسان آزاد ہے۔ اس کا خدا سے اتنا راست تعلق ہے کہ اس نے مذہبی پیشواؤں کو بھی درمیان سے نکال پھینکا،

لیکن انسان جب تک سیاسی، معاشی، معاشری اور مذہبی استحصال سے آزاد نہ ہو خدا کی عبادت آزادی کے ساتھ کس طرح کر سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ ہم سے قریب ہے۔ پس اس کی مرضی کو ہم پر کوئی دوسرا کس طرح واضح کر سکتا ہے۔ آزادی کے ساتھ اللہ کی عبادت کرنے کے لیے انسان کو آزاد بنانا ضروری ہے۔

آج کی ساری دُنیا مذہبی رَواداری کی قائل ہے اور مذہبی اور ذہنی رواداری کے جو بھی نصبُ العین دنیا کے مہذب ملکوں میں رائج ہیں، وہ سب اِنسان کے اس پیدائشی حق کو تسلیم کرتے ہیں کہ انسان اپنی کمزوریوں اور قوتوں اور ذرائع کے مطابق جس نصبُ العین کو چاہے اپنے سامنے رکھ سکتا ہے۔ جہاں تک میں جانتا ہوں قرآن ہی ایک ایسی مذہبی کتاب ہے، جو ایک طرف تو پیروانِ اسلام کو ملائم الفاظ سے ترغیب دے کر اپنا مذہب پھیلانے کا حکم دیتی ہے، لیکن ساتھ ہی دوسری طرف دوسرے مذہب کے عقائد اور اعمال سے عدم رواداری کی ممانعت کرتی ہے۔ وہ صاف طور پر یہ کہتی ہے کہ مذہب کے مقابلے میں کوئی چیز نہیں اور وہ پیغمبر اسلام کو یہ کہنے کی ہدایت کرتی ہے: "تمھارا خدا اور میرا خدا، وہی ایک خدا ہے"۔ لیکن جب دلائل کے باوجود مخالفینِ اسلام اس کو سننا اور سمجھنا نہیں چاہتے تو مسلمان کو یہ کہنے کا حکم دیا گیا ہے، جیسا کہ پیغمبر اسلام نے اپنے مخالفین سے کہا تھا: "تم کو تمھارا دین (مبارک) اور مجھے میرا دین"۔ اس معاملے میں قرآن اِس حد تک جاتا ہے کہ وہ اعلان کرتا ہے: "خدا کے سوا دوسرے معبودوں کو برا نہ کہو، اندیشہ ہے کہ ان کے ماننے والے اپنی جہالت اور دشمنی سے اللہ کو بُرا کہنے لگیں۔ ہم نے انسان کی فطرت ایسی بنائی ہے کہ جو کچھ وہ کیا کرتے ہیں اسی کو پسند کرتے ہیں، لیکن آخر کار اللہ کی طرف پلٹنا پڑے گا اور اللہ انھیں بتائے گا کہ ان کے اعمال کیا تھے" (سورت ۶ آیت ۱۰۸) اس قسم کی مذہبی رواداری جس کی اسلام نے تعلیم دی اور جس پر مسلمانوں نے عمل کیا ایک بلند تر صداقت کا نتیجہ ہے اور وہ صداقت (دین) ہے یعنی وہ طریقِ حیات جس کو اللہ تعالیٰ نے الہام کے ذریعے پیغمبروں تک پہنچایا تاکہ وہ نوعِ انسان تک پہنچا دیں۔ یہ حکم اپنے بنیادی پہلوؤں میں ہمیشہ ایک ہی رہا ہے۔ قرآنِ پاک کا ارشاد ہے کہ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک قانون اور ایک کھلا راستہ مقرر کر دیا ہے۔ اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی نمونے کا بنا دیتا۔ اس نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس کے مطابق تمھارا امتحان کرنا چاہتا ہے۔ پس تم اعمالِ نیک میں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے بنو (سورۃ ۵، آیت ۵۱) اسی طرح قرآن پاک اس بڑی صداقت کی طرف اشارہ کرتا ہے: "ہر امت کے لیے ہم نے مقرر کر دیا ایک طریقہ عبادت کا، جس پر وہ چلتے ہیں، پس نہ جھگڑا کریں وہ تجھ سے اس معاملے میں اور بُلا ان کو اپنے رب کی طرف، بے شک تو ہی راہ راست پر ہے"۔ (سورت ۲۲، آیت ۶۷)۔

مختلف خطوں میں مختلف قوموں پر مختلف پیغمبر بھیجے گئے ہیں، وہ سب کے سب ایک ہی دین (طرزِ حیات) کی تعلیم دیتے ہیں۔ اُن پیغمبروں کے لیے اپنے عہد میں دین پر چلنے کے لیے مختلف راستے منظور کیے گئے۔ قرآن پاک کا ارشاد ہے کہ کوئی قوم ایسی نہیں جس کو ہادی نہ بھیجے گئے ہوں (سورۃ ۳۵، آیت ۲۳)۔ اور درحقیقت پیغمبر اسلام کی حیثیت بھی ایک ہادی سے زیادہ نہیں (سورۃ ۱۳۔ آیت ۹) قدیم زمانے کی اقوام کے لیے اللہ تعالیٰ نے متعدد پیغمبر بھیجے (سورۃ ۴۳، آیت ۵) ان پیغمبروں میں سے چند کے نام قرآن میں مذکور ہیں اور دوسروں کے متعلق اللہ تعالیٰ پیغمبر اسلام سے فرماتا ہے کہ ہم نے ان کے متعلق تجھے کچھ نہیں بتایا۔ (سورۃ ۴۰، آیت ۷۸)۔

اسلام نے جس رواداری کی تعلیم دی ہے، اس کا نقطۂ عروج قرآنِ پاک کی سورت ۲، آیت ۵۹ میں اس طرح ہے: "بے شک، وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں (یعنی مسلمان) اور وہ لوگ جو یہودی ہیں یا عیسائی ہیں یا صابی ہیں، جو بھی خدا پر اور یوم آخر پر ایمان رکھتے ہیں اور صحیح اعمال کرتے ہیں وہ خدا سے اپنا انعام پائیں گے اور نہ کچھ خوف ہوگا ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے"۔ کیا اس سے بڑھ کر کوئی مذہبی رواداری ہو سکتی ہے۔ انسانی تاریخ کو قرآن پاک کا سب سے بڑا عطیہ میری ناقص رائے میں یہ ہے کہ اس نے اس واحد بنیادی اصول

کی وضاحت کر دی، جس کے مطابق تمام انسان صلح اور ہم آہنگی کے ساتھ زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ قرآن پاک نے نوع انسانی کے اتحاد کی اہم ترین ضرورت پر بار بار زور دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"کیا ہم نے نوع انسانی کو ایک وحدت کی طرح نہیں پیدا کیا؟" وہ خوں ریز جنگیں جو ایک جتھے سے دوسرے جتھے، ایک برادری سے دوسری برادری، ایک فرقے سے دوسرے فرقے، ایک قوم سے دوسری قوم کے درمیان ہوتی رہی ہیں۔ اس کا سبب انسان کی یہ گہری خواہش نظر آتی ہے کہ وہ اس کی حمایت نہیں کرنا چاہتا کہ سچائی کیا ہے، بلکہ وہ یہ فیصلہ کرنا چاہتا ہے کہ کون سچا ہے۔ قرآن ہم سب کو دعوت دیتا ہے کہ ہم خدا کے قانون پر قائم رہیں۔ اس کے لیے ایک موزوں استعارہ استعمال کیا گیا ہے کہ سب کے سب خدا کی رسّی کو تھام لیں۔ قرآن پاک ہمیں منع کرتا ہے کہ ہم اپنے اندر جتھے بنائیں یا شعبوں میں بٹ جائیں اور جانب داری کی عادت پیدا کریں۔ قرآن پاک سختی کے ساتھ ان لوگوں کو بُرا ٹھہراتا ہے، جو فرقے بناتے ہیں اور گروہ بندی کے قائل ہیں اور جو لوگ مذہب کے ٹکڑے کر دیتے ہیں اور نئے نئے فرقے پیدا کرتے ہیں، چناں چہ پیغمبر اسلام سے وہ خطاب کرتا ہے کہ "بے شک جنھوں نے تفرقہ ڈالا اپنے دین میں اور ہو گئے مختلف گروہ، نہیں تجھ کو ان سے کچھ بھی سروکار۔ ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے، پھر وہ خود بتا دے گا انھیں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے" (سورت ۶ آیت ۱۵۹) ایک جگہ قرآن یہ حکم دیتا ہے کہ "پس آپس میں اختلاف کر کے انھوں نے اپنا کام ٹکڑے ٹکڑے کر لیا۔ ہر ایک گروہ انھی باتوں پر خوش ہے، جو ان کے پاس ہیں" (سورۃ ۲۳، آیت ۵۳)۔ یہ تمام اندرونی شعبے اور فرقے جنھوں نے دنیا کے امن کو تباہ کر دیا ہے۔ اس بات کا نتیجہ ہیں کہ نوعِ انسان نے دستور کے اس عظیم واقعے کو فراموش کر دیا یعنی جب ہم سب خدا ہی کی طرف سے آئے ہیں اور خدا ہی کی طرف واپس جائیں گے۔ اِسی طرح نسلی برتری کو بھی قرآن نے رد کر دیا ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے تمام بنی نوع انسان آدم سے ہیں اور آدم مٹی سے بنایا گیا ہے۔ شیطان کو صرف اِس لیے ملعون قرار دیا گیا ہے کہ اس نے اپنی اونچی اصل اور انسان کی پست حقیقت کا مقابلہ کر کے اپنی برتری کا دعوا کیا۔ چنانچہ وہ کہتا ہے "انسان مٹی سے بنایا گیا اور میں آگ سے بنایا گیا ہوں۔" اس قسم کی برتری کے احساس کی جو کسی قوم میں اپنے اعلا نسل کے خیال سے پیدا ہوتا ہے۔ قرآن پاک نے صاف الفاظ میں تردید کر دی ہے اور اس کی پروا نہیں کی کہ پیغمبر اسلام کے مخالفین کیا کہیں گے۔ تاریخ مابعد اسلام کا سب سے اہم واقعہ یہ ہے کہ تمام مذاہب کے مقابلے میں اسلام ہی وہ تنہا مذہب ہے جس نے نسل، رنگ اور حسب نسب کی اہمیت کو کامیابی کے ساتھ ملیا میٹ کر دیا۔ اُس نے اپنے پیروؤں کو نسل یا جغرافیائی وحدت کی بنا پر نوع انسان کو مختلف گروہوں میں منظم کرنے کی ممانعت کر دی۔ اسلام کے لحاظ سے وہی شخص قابلِ عزت ہے جو متقی ہے یعنی جو شخص اپنے آپ پر قابو رکھتا ہو اور اللہ کے قانون پر چلتا ہو۔ انفرادی زندگی کے تمام اعزازات غلط ہیں، ان کا کوئی مطلب نہیں۔

آج اِس دنیا میں جو ہر قسم کی گروہ بندی میں مبتلا ہے اور "قوم پرستی" کے جھوٹے خدا کی عبادت کرتی ہے، نوع انسانی کو یہ بات محسوس ہو رہی ہے کہ انسانی برادری کی بنیاد صرف ایک روحانی اصول پر قائم کی جا سکتی ہے نہ کہ رنگ اور نسل کی بنیاد پر۔ وہ روحانی اصول انسانی برادری کی تنظیم کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انسانی برادری کی تنظیم صرف اس بنیاد پر کہ انسان انسان ہے، اِس لیے نہیں کہ اس کے پاس کیا ہے، بلکہ اس لیے کہ وہ کون ہے۔ وہ لوگ جو نسلی برتری کو مانتے تھے اب ہر جگہ بُرے ٹھہرائے جا رہے ہیں وہ لوگ جو کسی قوم کی عظمت کو معاشی اور صنعتی ترقی کے معیار سے جانچتے تھے، اب ہر جگہ ان سے نفرت کی جاتی ہے اور اس سے بدتر بات یہ ہے کہ وہ خود بھی آپس میں اختلاف رکھتے ہیں۔ سالانہ حج کا جو فریضہ اسلام نے عائد کیا ہے، جہاں تک میں جانتا ہوں روحانی اصول کی ہی ایک عملی مثال ہے۔ ہر سال مکے میں مسلمانوں کا جمع ہو جانا پورے نوعِ انسانی کے اتحاد کی طرف ایک قدم ہے۔ یہ ایک نمونہ ہے، جس کے مطابق بنی انسان کی بین الاقوامی وحدت قائم ہو سکتی ہے۔

وہ روحانی اصول جس پر بنی نوع انسان کو جمع کیا جا سکتا ہے۔ اسلام کے بموجب انصاف کے نصبُ العین کو اپنانے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ قرآنِ پاک میں ایک منصفانہ معاشرے کے قیام کی شدید ضرورت پر متعدد جگہ زور دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ انفرادی طور پر مردوں اور خواتین کو بھی انصاف پسند بننے کی دعوت دی گئی ہے۔ انصاف کی ترازو کو سیدھا پکڑنے اور چیزوں کو تولنے میں جھوٹے بات استعمال کرنے یا دغابازی سے ترازو کو جھکا دینے کی ممانعت کی گئی ہے۔ ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم ضرورت پڑے تو سچی شہادت پیش کر کے انصاف کی مدد کریں، خواہ یہ بات ہمارے عزیزوں، رشتے داروں کے ہی خلاف کیوں نہ ہو۔ ایک زمانہ تھا جب کہ انسان کا بلند ترین نصبُ العین، ظالمانہ اور جابرانہ حالات کا شکار ہونے والے مصیبت زدہ لوگوں کو ڈھارس دینا اور آرام پہنچانا تھا۔ اس زمانے کا مذہبی فرض صرف اتنا تھا کہ بے انصافیوں کے ہاتھوں دکھ اٹھائے ہوئے انسانوں کو یہ یقین دلا کر سہارا دیا جائے کہ خدا بےکس اور عاجز انسانوں کے ساتھ ہے اور ان تکلیفوں کا اجر آخرت میں ملے گا۔ قرآنِ پاک نوع انسانی کی طبقاتی تقسیم کو جس کی بنیاد انصاف کے نصبُ العین پر نہ ہو، تسلیم ہی نہیں کرتا۔ عیسائی معاشرہ اپنے موجودہ اعتقادات کی روشنی میں مسکینی اور عاجزی کی قدروں کو اہمیت دیتا ہے اور بادشاہ کا حق بادشاہ کو اور خدا کا حق خدا کو ادا کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ وہ انصاف پر بنیاد رکھنے یعنی انصاف پسند لوگوں کے ذریعے منصفانہ قوانین چلانے پر زور نہیں دیتا، بلکہ اس کے بجائے خیرات اور رحم کے جذبات کو بیدار کرنے کو اہمیت دیتا ہے، لیکن اسلام اپنے پیروؤں کو یہ حکم دیتا ہے کہ ظالموں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو قرار واقعی سزا دی جائے اور یہ ہدایت کرتا ہے کہ ضرر رسیدہ لوگوں کو، اُن غلط کار لوگوں سے ہرجانہ دلوائے، جن کے ظالمانہ عمل سے انھیں نقصان پہنچا ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ ساری طاقت کا مالک اللہ ہے اور جو شخص کوئی اقتدار رکھتا ہے اس کو چاہیے کہ اپنا اقتدار ذاتی شان و شوکت کے لیے استعمال نہ کرے، بلکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کے مقصد کی تکمیل کے لیے استعمال کرے۔

(۳)

اس طرح قرآن کے احکام ہر شخص دیکھ سکتا ہے۔ طوعاً و کرہاً ساری دنیا نے اس کو اصولاً قبول کر لیا ہے۔ دنیا اس کے نصب العین کی قسم کھاتی ہے اور اس کی پیش کی ہوئی قدروں کی داتی پر درش کر رہی ہے اور باتوں کی طرح جہاں یہ صحیح ہے کہ ہمارے اقوال اور اعمال میں بہت بڑا تفاوت ہے، وہاں یہ بھی صحیح ہے کہ عمل کے میدان میں مسلمان قرآن کی بہت کم اتباع کرتے ہیں، تاہم اس میں شک نہیں کہ مسلمان قرآن کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ دنیا کی کسی کتاب کی اتنی تعظیم نہیں کی گئی جتنی کہ مسلمان قرآن پاک کی عزت کرتے ہیں۔ مسلمان اس کتاب کی جو تعظیم کرتے ہیں وہ صرف اس کتاب کے مطالبے ہی پر نہیں ہے۔ قرآن کا یہ دعوا بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے کہ اس کی دی ہوئی ہدایات کو سمجھا جائے اور اپنے روزمرہ کے عمل میں ان کی پابندی کی جائے۔ بہرحال صورت حال یہ ہے کہ مسلمان قرآن کو سمجھنے کی جگہ زیادہ تر اس کو طوطے کی طرح پڑھتے ہیں۔ میرے خیال میں تو یہ بات اس عظیم کتاب کے اصل مقصد کے برعکس ہے۔ اگر قرآن ایک کتاب ہدایت ہے تو کیا ہم سب کا یہ فرض نہیں ہے کہ اس میں جو کچھ لکھا ہے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے، اس کو سمجھیں، لیکن میں پوچھتا ہوں کہ جو کچھ اس نے ہم کو حکم دیا ہے، اس کو سمجھے بغیر کس طرح معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ صرف عربی زبان کا جاننا قرآن فہمی کے لیے کافی نہیں ہے۔ اگر صرف عربی زبان کا جاننا کافی ہوتا تو آج عرب اقوام قرآن کے بارے میں مستند ہوتیں اور ان کا عمل اس کے احکام کے مطابق ہوتا۔ عرب دنیا کے موجودہ انتشار پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس مقدس کتاب کے احکام سمجھنے سے قاصر ہیں۔ اس وقت اس کا موقع نہیں کہ ان شرائط کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے، جن کے پورا کرنے پر انسان کے دل پر قرآن کا اثر ہو۔

معمولی عربی زبان جاننے سے پہلے انسان کو اپنے نفس کی طہارت اور اللہ تعالیٰ سے دلی خلوص پیدا کرنے کے لیے بہت بڑے نظم و ضبط کی شدید ضرورت ہے۔ یہ صحیح ہے کہ عربی دانی بھی ضروری ہے۔ ہم جتنا زیادہ عربی زبان کو جانیں گے اتنا ہی بہتر ہے، لیکن یہ یاد رہے کہ عربی دانی اس حد تک ضروری نہیں کہ صرف و نحو اور لغات و اصطلاحات کی باریک بینیوں کا احاطہ کیا جائے۔ قرآن کی عربی بہت سیدھی سادی عربی ہے، اس لیے یہ اس کا معجزہ ہے کہ ایک عامی بھی اس کو سمجھ سکتا ہے۔

ہمارے اس یقین کے لیے کہ خدا موجود ہے اور محمدؐ اس کے پیغمبر ہیں، قرآن کی شہادت بہت کافی ہے۔ یہ ایک معنی میں ہمارے لیے کتاب بشارت بھی ہے، کیوں کہ اس سے ہمارے دلوں میں اپنے خالق کا ایک تصور قائم ہوتا ہے جو ہمارے لیے غلطیوں کو معاف کرنے والا اور ہماری بے وقوفیوں سے پناہ دینے والا ہے۔

اپنے اس خطبے کے خاتمے پر کیا میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرے خیال میں اسلام ایسا مذہب نہیں ہے جو مذہبی عقائد اور اعمال کے رسمی اور رواجی پہلو پر زور دیتا ہو۔ جو کچھ رسمی باتیں اس نے منظور کی ہیں، وہ اسی صورت میں قابل قبول ہیں جب کہ ان کا ماننے والا شعور طریقے پر ان کو انجام دینے کی نیت رکھتا ہو اور جو کچھ وہ انجام دیتا ہے، اس کی عملی صورت کے اصلی معنی و مطلب سے بھی آگاہ ہو۔ مذہبی اعمال جب تک مکمل آگاہی کے ساتھ انجام نہ دیے جائیں، وہ کوئی حقیقی قیمت نہیں رکھتے۔ مسلمان کے لیے لازمی ہے وہ ہر کام میں پہلے نیت باندھے (یعنی اس فرض کے انجام دینے کا باشعور ارادہ کرلے) خواہ وہ روزانہ کی نماز ہو یا حج ہو یا روزہ ہو یا اس کے علاوہ اور کوئی مذہبی فریضہ ہو۔ یہ واقعہ ہے کہ ذہن کی شعوری صورت گری کے بغیر، جس کے لیے "نیت" کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے، کوئی عمل عمل نہیں، کیوں کہ رسول اللہؐ نے یہ فرمایا کہ جب تک صحیح نیت کے ساتھ کوئی عمل نہ کیا جائے، وہ عمل نہیں ہے۔ حقیقت میں تو آپ نے اس سے بھی زیادہ فرمایا ہے کہ مذہب کے مطابق مومن عمل پر شعوری ارادے کے ساتھ قائم رہنا خود عمل سے بہتر ہے۔ ان سب باتوں کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ اسلام کے دائرے میں رہ کر جو عمل کیا جائے گا وہ باشعور ایمان کے ساتھ ہی ممکن ہے۔ رسمی اعمال صرف میکانکی سرگرمی ہے، جو اب از کار رفتہ ہو چکی ہے۔ اسلام میں رہ کر جو کچھ کیا جائے وہ اس پہلو کا اچھی طرح شعور رکھ کر کیا جائے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے قانون کی پابندی کر رہے ہیں۔ اگر یہ بات صحیح ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی شخص مذہبی فرائض کی معقولیت کو سمجھے بغیر مسلمان رہ سکتا ہے۔

کاش اس کتاب مقدس کی روح پاکستان کے جسدِ سیاسی میں بھی سرایت کر جائے، تاکہ وہ پاکستان کے لوگوں کو ساری دنیا کے لیے قابلِ تقلید نمونہ بنا دے۔ اس صورت میں انفرادی طور پر مردوں اور خواتین کی، اور اجتماعی طور پر بڑی بڑی جماعتوں کی ہر کوشش صحیح سمت میں ایک قدم ثابت ہوگی اور رسول اللہؐ کے پیغام کے مطابق ہوگی۔ ہم مسلمان کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کی بندگی میں داخل ہیں اور ہم میں کے وہ تمام لوگ جو اُس پروگرام کو پورا کرنے کے لیے جہاد کر رہے ہیں، قابلِ احترام اور لائق مبارک باد ہیں۔ اُس پروگرام کے جو ایک عالمی تحریک ہے اور جس کو چودہ سو برس پہلے پیغمبرِ اسلام نے نوع انسانی کو نجات دلانے کے لیے شروع فرمایا تھا۔ قرآن کی یہ پیشین گوئی جو پیغمبرِ اسلام کو مخاطب کر کے کی گئی ہے کہ وہ یہ دیکھ لیں گے کہ انسانوں کے بڑے بڑے گروہ اللہ تعالیٰ کی راہ پر چلتے نظر آئیں گے، ابھی تک پوری ہونی باقی ہے۔ رسول اللہؐ سے محبت کا اور اللہ تعالیٰ کی صحیح عبادت کرنے کا دعوا کرنے والوں پر اس مقصد کے لیے دوڑ دھوپ کرنا عین فرض ہے۔

---

with conscious believer: ritual as a mere mechanical activity is out of date—with Islam everything to be done is to be done consciously as an aspect of our obligation to serve the Lord and to fulfil His Law. If that be true, how can it be possible for any one to be a Muslim without understanding the rationale of that religious practice which has been enjoined upon him for his religion and the meaning and value of which has been set forth with a remarkable clarity, lucidity and vigour in the Book in which he believes?

May the Spirit of the Book permeate in the body politics of Pakistan and make all the peoples of Pakistan models for the rest of the world to emulate! Every effort that is made by individual men and women and by larger groups in this direction would be a step in the right direction and would be in accord with the mission of the Prophet. It is in the service of the Lord that we, as Muslims, have been enlisted and all honour to those who are willing to become diligent crusaders in the realisation of the programme of world movement which was sponsored by the Prophet 1,400 years ago to redeem mankind from those vices which had overtaken it and from that ignorance which had paralysed it. The prophecy of the Qur'an to the Prophet that he will find mankind marching in crowds on the way to the Lord has still to be fulfilled. To labour for that end is the highest duty that is cast upon those who claim to love the Prophet and to worship the Lord who sent him to us as our benefactor, our warner and our guide.

Printed at The Times Press Karachi.

is a Book of *Hidayat*, is it not obligatory for all of us to *know* what is contained in it, and what it has enjoined upon us. And how can we, I ask, know what it has enjoined upon us unless we are able to understand what it says. It is true that mere knowledge of Arabic is not *enough* for the comprehension of the Qur'an. Were knowledge of Arabic sufficient the Arabs of today would be an authority on the Qur'an and their practice would be a reflection of its teaching. A superficial glance at the confusion in the Arab world of our own day shows that they are far from understanding the gospel contained in the Holy Book.

This is not the time to indicate in any measure of details what are the preconditions which have to be fulfilled before the Qur'an can have appeal to the heart of man. A great deal of discipline in the nature of internal purity and a great deal of devotion to the Lord Who has revealed it to mankind is required before mere knowledge of Arabic can be serviceable. It is true that knowledge of Arabic is *necessary* and the more we know Arabic the better will it be—but then, knowledge of Arabic is not to be confused with a close study of its syntax, of its grammar and of its lexicographical superfine distinctions. The Arabic of the Qur'an is simple—therefore such is its miracle that it cannot be understood easily by the sophisticated ones !

Qur'an is the best evidence that there is for all of us to believe that *God exists*, that *Muhammad is His Prophet*. It is also a Book of Hope in the sense that it presents to us the image of our Maker who forgives us and protects us against our own follies.

As I come to the end of my Address to you, may I say this: Islam is not, in my understanding of it, very much concerned with what may be called as the ritualistic aspect of religious belief and practice. Whatever ritual has been sanctioned by it, is admissible only on the basis that the believer consciously wills to perform it and is meaningfully aware of the symbolic character of what he performs. Unless religious practice is countenanced with a full awareness of why it is being countenanced, there can be no real value in it. A Muslim has each time to make *niyat* (that is to say, form conscious intention) to pray or to perform pilgrimage or to fast or, as a matter of fact, to do anything else that is sanctioned by religion. As a matter of fact without the conscious formation of this state of mind designated by the term *niyat* there is no *amal*, for, as the Prophet would put it, there is no *amal* unless it be accompanied by a proper *niyat*. Indeed, he went much further than even this when he said that conscious formation of intention to abide by the code of conduct commanded by religion is better than the conduct itself. All this goes to show that practice within the framework of Islam is possible only

